اِسلامی جمہوریۂ پاکستان

کا

دستور

(ترمیم شدہ لغایت ۷/جنوری، ۲۰۱۵ء)

قومی اسمبلی پاکستان

''آمدنی پر محصول'' میں محصول زائد منافع یا محصول کاروباری منافع کی نوعیت کا محصول شامل ہے۔

(۲) دستور میں ''[1][مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ)] کے ایکٹ'' یا ''وفاقی قانون'' یا ''صوبائی اسمبلی کے ایکٹ'' یا ''صوبائی قانون'' میں صدر یا، جیسی بھی صورت ہو، کسی گورنر کا جاری کردہ کوئی آرڈیننس شامل ہوگا۔

[2][(۳) دستور اور تمام وضع شدہ قوانین اور دیگر قانونی دستاویزات میں، تاوقتیکہ موضوع یا سیاق وسباق میں کوئی امر اس کے منافی نہ ہو،--

(الف) ''مسلم'' سے کوئی ایسا شخص مراد ہے جو وحدت وتوحید قادر مطلق اللہ تبارک وتعالیٰ، خاتم النبیین حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ختم نبوت پر مکمل اور غیر مشروط طور پر ایمان رکھتا ہو اور پیغمبر یا مذہبی مصلح کے طور پر کسی ایسے شخص پر نہ ایمان رکھتا ہو نہ اسے مانتا ہو جس نے حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بعد اس لفظ کے کسی بھی مفہوم یا کسی بھی تشریح کے لحاظ سے پیغمبر ہونے کا دعویٰ کیا ہو یا جو دعویٰ کرے؛

اور

(ب) ''غیر مسلم'' سے کوئی ایسا شخص مراد ہے جو مسلم نہ ہو اور اس میں عیسائی، ہندو، سکھ، بدھ یا پارسی فرقے سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص، قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ کا (جو خود کو 'احمدی' یا کسی اور نام سے موسوم کرتے ہیں) کوئی شخص یا کوئی بہائی، اور جدولی ذاتوں میں سے کسی سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص شامل ہے۔]

---

[1] احیائے دستور ۱۹۷۳ کا فرمان، ۱۹۸۵ء (فرمان صدر نمبر ۱۴ مجریہ ۱۹۸۵ء) کے آرٹیکل ۲ اور جدول کی رو سے ''پارلیمنٹ'' کی بجائے تبدیل کیے گئے۔

[2] فرمان دستور (ترمیم سوم) ۱۹۸۵ء (فرمان صدر نمبر ۲۴ مجریہ ۱۹۸۵ء) کے آرٹیکل ۶ کی رو سے شق (۳) کی بجائے تبدیل کی گئی جس کا اضافہ قبل ازیں دستور (ترمیم ثانی) ایکٹ ۱۹۷۴ء (نمبر ۴۹ بابت ۱۹۷۴ء) کی دفعہ ۳ کی رو سے کیا گیا تھا (نفاذ پذیر از ۱۷ ستمبر ۱۹۷۴ء)۔

۲۶۱۔ دستور کی اغراض کے لئے، کوئی شخص جو کسی عہدہ پر قائم مقامی کرے، وہ اس شخص کا جو اس سے پہلے مذکورہ عہدہ پر فائز تھا، جانشین نہیں سمجھا جائے گا یا اس شخص کا پیشرو نہیں سمجھا جائے گا جو اس کے بعد مذکورہ عہدہ سنبھالے۔ کسی عہدے پر قائم مقام کوئی شخص اپنے پیشرو کا جانشین وغیرہ نہیں سمجھا جائے گا۔

۲۶۲۔ دستور کی اغراض کے لئے، کسی مدت کا شمار گریگری نظام تقویم کے مطابق کیا جائے گا۔ گریگری نظام تقویم استعمال کیا جائے گا۔

۲۶۳۔ اس دستور میں،...... مذکر و مونث اور واحد اور جمع۔

(الف) وہ الفاظ جن سے صیغہ مذکر کا مفہوم نکلتا ہو، صیغہ مونث پر بھی حاوی سمجھے جائیں گے؛ اور

(ب) صیغہ واحد کے الفاظ میں جمع کا اور صیغہ جمع کے الفاظ میں واحد کا صیغہ شامل سمجھا جائے گا۔

۲۶۴۔ جب کوئی قانون اس دستور کے ذریعے، اس کے تحت یا اس کی وجہ سے منسوخ ہو جائے یا منسوخ شدہ متصور ہو تو، بجز اس کے کہ اس دستور میں بصورت دیگر مقرر ہو، مذکورہ تنسیخ...... تنسیخ قوانین کا اثر۔

(الف) کسی ایسی چیز کا احیاء نہیں کرے گی جو اس وقت نافذ العمل یا موجود نہ ہو جب تنسیخ عمل میں آئے؛

(ب) مذکورہ قانون کے سابقہ عمل پر یا اس کے تحت باضابطہ کئے ہوئے کسی فعل پر یا برداشت کردہ کسی نقصان پر اثر انداز نہیں ہوگی؛

(ج) مذکورہ قانون کے تحت حاصل شدہ کسی حق پر، پیدا شدہ کسی استحقاق پر عائد شدہ کسی وجوب یا ذمہ داری پر اثر انداز نہیں ہوگی؛

(د) مذکورہ قانون کے خلاف کسی جرم کے ارتکاب کی بناء پر عائد شدہ کسی تاوان، ضبطی یا سزا پر اثر انداز نہیں ہوگی؛ یا